# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Time :**12:30 / PM

**Date: 05-August-2026**

---

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے **12** بجکر **30** منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر۔

---

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت **2047** تک ایک ترقی یافتہ قوم بننے کی سمت میں اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ انڈین ریلوے منیجمنٹ سروس **IRMS** کے تربیت یافتگان افسروں سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے نوجوان افسران پر زور دیا کہ وہ اپنی قیادت، حکمت عملی اور فیصلوں کے ذریعے ملک کے روشن مستقبل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کریں۔

------**V/O**------

اس دوران ایل جی آج **SKICC** سرینگر میں ایک تقریب پر ملی ٹینسی سے متاثرہ کئی افراد کے قریبی لواحقین میں نوکریوں کے آرڈر تقسیم کر رہے ہیں۔

---

**CM** دورہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج جموں صوبے کے پونچھ ضلعے کے دورے پر ہیں جہاں وہ حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہوئی صورتحال اور سیلاب سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ سرنکوٹ پہنچنے پر وزیر اعلیٰ نے حالیہ دنوں بادل پھٹنے کے واقعے میں جان بحق ہوئے افراد کے گھر جا کر ان کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا اظہا

رکھیا۔وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبے کو حکومت کی جانب سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔جل شکتی کے وزیر جاوید رانا اور ضلع انتظامیہ کے کئی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

---

صدر ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اگست کی 7 تاریخ کو نئی دلی میں ایک تقریب میں نیشنل ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر ملک بھر سے منتخب کئے گئے 22 دستکاروں میں سال 2025 کے سنت کبیر ہینڈلوم اور نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ عطا کریں گی۔ان میں تین سنت کبیر ہینڈلوم ایوارڈ اور 19 نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ شامل ہیں۔نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ پانے والوں میں کشمیر کے بڈگام ضلعے میں کانہامہ ماگام سے تعلق رکھنے والے فیاض احمد وانی اور منظور احمد حجام بھی شامل ہیں۔اُن کو یہ ایوارڈ ’’کانی شال‘‘ تیار کرنے کے عمل میں غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کیلئے دیا جارہا ہے۔

---

بارش پانی

ملک میں پانی کی قلت کو دور کرنے نیز پانی کے موثر استعمال اور اس کو محفوظ رکھنے کیلئے ان دنوں **Rain Water Harvesting** کی طرف توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔اس عمل کے تحت بارشوں کے پانی کو محفوظ رکھنے کیلئے مختلف اختراعی طور طریقے اختیار کئے جارہے ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی ذاتی طور پر لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بارشوں کے پانی کو موثر طریقے سے استعمال میں لائیں۔انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے پانی کی ضرورتیں پوری ہونے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔

---

**DC** سرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے بمنہ میں واقع والینٹری میڈیکیئر سوسائٹی میں قوت بصارت سے محروم افراد کیلئے کمپیوٹر اور روزگار سے متعلق فاؤنڈیشن کورس جبکہ قوت سماعت اور قوت گویائی سے محروم خاص طالب علموں کیلئے خصوصی ورکشاپ کا آغاز کیا۔ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جسمانی طور خاص افراد

بے پناہ صلاحیتوں سے مالامال ہوتے ہیں اور انہیں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کیلئے مناسب پلیٹ فارم دستیاب کرایا جانا چاہیئے۔ڈپٹی کمشنر نے والنٹیر میڈیکیئر سوسائٹی کے مختلف شعبوں کا بھی معائنہ کیا۔

---

**DC** گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں رنگ روڈ کے دوسرے مرحلے پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے اس پروجیکٹ کو بروقت پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے زمین کی حصولیابی میں سرعت لانے اور حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہدایت دی۔

---

**DC** بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ضلعے کے ارن علاقے میں قائم کئے جارہے وقار نالج سینٹر پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔یہ مرکز فوج اور دیہی ترقی محکمے کے اشتراک سے قائم کیا جارہا ہے۔اس مرکز میں نوجوانوں کو تعمیری اور بامعنی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے موقعے اور سہولیات دستیاب رہیں گی۔دریں اثناء کمشنر موصوفہ نے ضلعے کے سریندر علاقے کا دورہ کرکے وہاں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا۔

---

مائیگرنٹس

جموں وکشمیر میں مائیگرنٹس کو سماجی تحفظ فراہم کرنے کے سلسلے کے تحت حکومت تقریباً **50** ہزار مائیگرنٹ کنبوں کو نیشنل فوڈ سیکورٹی ایکٹ ڈاٹابیس کے ساتھ مربوط کررہی ہے۔راحت و بازآبادکاری آرگنائزیشن یہ کام حکومت کی پالیسی کے عین مطابق محکمہ خوراک وسول سپلائز اور محکمہ سماجی بہبود کے اشتراک سے انجام دے رہی ہے جس کے تحت مائیگرنٹوں کو ان کے راشن کارڈ کی وساطت سے وسیع فوائد ملیں گے۔ایک سرکاری ترجمان کے مطابق اب تک تین ہزار مائیگرنٹ کنبوں کو یہ سہولت فراہم کی جاچکی ہے۔

---

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔